مَن یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ ط

اسلامی عقائد سنیوں کے سچے معتقدات و اول حفظ مسلمانان
و مطالعہ اہل ایمان مسمّٰی بہ

حصہ اول

بہار شریعت

مصنفہ

جناب مولانا مولوی حکیم ابو العلا محمد امجد علی صاحب اعظمی رضوی
سنی حنفی قادری برکاتی دامت فیوضہم

شیخ غلام علی اینڈ سنز تاجران و ناشران کتب کشمیری بازار لاہور

اور اسباب مہیا کر دیے ہیں کہ جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے اسی قسم کے سامان مہیا ہو جاتے ہیں اور اُسی بنا پر اُس پر مؤاخذہ ہے اپنے آپ کو بالکل مجبور یا بالکل مختار سمجھنا دونوں گمراہی ہیں **مسئلہ** بُرا کام کر کے تقدیر کی طرف نسبت کرنا اور مشیّتِ الٰہی کے حوالہ کرنا بہت بُری بات ہے بلکہ حکم یہ ہے کہ جو اچھا کام کرے اُسے منجانب اللہ کہے اور جو بُرائی سرزد ہو اس کو شامتِ نفس تصور کرے **عقیدہ** اللہ تعالیٰ جہت و مکان و زمان و حرکت و سکون و شکل و صورت و جمیع حوادث سے پاک ہے **عقیدہ** دنیا کی زندگی میں اللہ عزّ و جلّ کا دیدار نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے لیے خاص ہے اور آخرت میں ہر سُنّی مسلمان کے لیے ممکن بلکہ واقع رہا قلبی دیدار یا خواب میں یہ دیگر انبیاء علیہم السّلام بلکہ اولیائے کے لیے بھی حاصل ہے ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں سَو بار زیارت ہوئی **عقیدہ** اس کا دیدار بلا کیف ہے یعنی دیکھیں گے اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ کیسے دیکھیں گے جس چیز کو دیکھتے ہیں اس سے کچھ فاصلہ مسافت کا ہوتا ہے نزدیک یا دور وہ دیکھنے والے سے کسی جہت میں ہوتی ہے اُوپر یا نیچے دہنے یا بائیں آگے یا پیچھے اس کا دیکھنا ان سب باتوں سے پاک ہوگا پھر رہا یہ کہ کیونکر ہوگا یہی تو کہا جاتا ہے کہ کیونکر کو یہاں دخل نہیں ان شاء اللہ تعالیٰ جب دیکھیں گے اُس وقت بتا دیں گے اُس کی سب باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ جہاں تک عقل پہنچتی ہے وہ خدا نہیں اور جو خدا ہے اس تک عقل رسا نہیں اور وقتِ دیدار نگاہ اس کا احاطہ کرے یہ محال ہے۔ **عقیدہ** وہ جو چاہے اور جیسا چاہے کرے کسی کو اس پر قابو نہیں اور نہ کوئی اس کے ارادے سے اُسے باز رکھنے والا۔ اس کو نہ اُونگھ آئے نہ نیند۔ تمام جہان کا نگاہ رکھنے والا نہ تھکے نہ اُکتائے تمام عالم کا پالنے والا ماں باپ سے زیادہ مہربان، حلم والا۔ اُسی کی رحمت ٹوٹے ہوئے دلوں کا سہارا اسی کے لیے بڑائی اور عظمت ہے ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہے صُورت بنانے والا گناہوں کا بخشنے والا توبہ قبول کرنے والا قہر و غضب فرمانے والا اُس کی پکڑ نہایت سخت ہے جس سے بے اُس کے